فون:۳۵۲۵۲۴۱۹-۰۴۲۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۱۶۰ روپے۔[مصنف نے اُمت مسلمہ کے زوال وانحطاط کے اسباب کا جائزہ لیتے ہوئے مسلم اہلِ دانش کی آرا اور مغربی دانش وروں کا نقطۂ نظر بیان کیا ہے۔ عام طور پر زوال پر غور کرتے ہوئے مرض اور نتائج مرض کو آپس میں خلط ملط کر دیا جاتا ہے۔ اصل چیز مرض کی صحیح تشخیص ہے۔ اسی غرض کے پیش نظر مفکرین ملت کے افکار کا نچوڑ پیش کیا گیا ہے اور غور وفکر کی دعوت دی گئی ہے۔]

◉ **اسلام میں جہیز اور بارات کی حقیقت**، محمد عبدالغفور۔ ناشر: پاک پبلی کیشنز، آفس نمبر ۵، فلور نمبر ۴، لیگیسی ٹاور، کوہِ نور سٹی، جڑانوالہ روڈ فیصل آباد۔ فون: ۸۵۵۷۱۱۷-۰۴۱۔ صفحات: ۱۵۶۔ قیمت: بلامعاوضہ۔[اسلام میں نکاح آسان ہے۔ جہیز بارات مہندی، بری وغیرہ محض مقامی رسوم ہیں۔ گھریلو ضروریات کا سامان فراہم کرنا مرد کی ذمہ داری ہے، نہ کہ دلہن کے گھر والوں کی۔ نبی کریمؐ نے خود اپنی تمام ازواج مطہرات کو گھر کا سامان فراہم کیا۔ حضرت فاطمہؓ کو جہیز دینے کی حقیقت یہ ہے کہ وہ سامان حضرت علیؓ کے پیسوں سے خریدا گیا تھا۔ بارات کا تصور ہندوانہ ہے۔ ۵۶ سے زائد مسلمان ممالک میں، سوائے ہندستان اور پاکستان کے، کہیں بھی بارات کا تصور نہیں پایا جاتا۔ قرآن میں بھی جہیز کا تذکرہ نہیں ہے۔ ان نکات پر مشتمل یہ کتاب سنتِ رسولؐ کے مطابق نکاح کو عام کرنے اور اصلاحِ معاشرہ کی غرض سے مرتب کی گئی ہے۔]

◉ **The Art of Public Speaking**، محمد اکرم طاہر۔ ناشر: علم وعرفان پبلشرز، ۴۰-اُردو بازار، الحمد مارکیٹ، لاہور۔ فون: ۳۷۳۵۲۳۳۲۔ صفحات: ۲۴۰۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔[تقریر اور خطابت ایک خداداد فن ہے لیکن کوشش اور محنت سے، ہر ایک کے لیے اس فن میں کامیابی ممکن ہے۔ مختلف مقررین کے لیے پروفیسر محمد اکرم طاہر نے مخصوص موضوعات پر دو درجن سے زائد انگریزی تقاریر کا مجموعہ شائع کیا ہے۔ ایک حصّے میں مشرق ومغرب کی معروف شخصیات (نبی کریمؐ، حضرت موسٰیؑ، حضرت یوسفؑ، شیکسپیئر، برک، محمد علی جوہر، سیّد مودودی، ذوالفقار علی بھٹو، جارج بش، ٹونی بلیئر، ہیوگو شاویز، احمدی نژاد) کی تقاریر کے تراجم بھی شامل ہیں۔ اُردو تقریروں کے مجموعے تو بہت ہیں، انگریزی تقاریر کا شاید یہ پہلا مجموعہ ہے۔ تقریری مقابلوں میں حصّہ لینے والے طلبہ وطالبات کے لیے یہ کتاب بہت اچھی معاونت کرے گی۔]

◉ **شیرازۂ حیات، سیّد انجم جعفری: حیات و ادبی خدمات**، مرتب: سیّد وقاص جعفری۔ ملنے کا پتا: مکان ۲۴-بی، پی سی ایس آئی آر سوسائٹی، فیز I، کینال روڈ، لاہور۔ فون: ۴۲۳۷۰۲۱-۰۳۰۰۔ صفحات: ۱۹۸۔ قیمت: درج نہیں۔[سیّد انجم جعفری معروف شاعر اور نعت گو تھے۔ تعلیم وتعلّم اور درس وتدریس کے ساتھ عمر بھر تحریکِ اسلامی سے وابستہ رہے۔ بہت پختہ فکر شاعر اور عمدہ نعت گو تھے۔ سیّد وقاص جعفری نے اپنے والد کی شخصیت اور ادبی خدمات پر مضامین کا مجموعہ شائع کیا ہے۔ یہ خوب صورت مجموعہ یاد آوری کی ایک اچھی مثال ہے۔]